# 03-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ایس ایل بی سی ٹنل پروجیکٹ کو ہر صورت میں مکمل کیا جائے گا۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ریاست میں مرکزی حکومت کے فنڈز سے 80 ہزار کروڑ روپے مالیت کے منصوبے مختلف مراحل میں جاری ہیں۔

۳۔رنگاریڈی ضلع میں آج صبح پیش آئے خوفناک حادثے میں 19 افراد ہلاک اور 20 سے زائد زخمی ہو گئے۔

۴۔محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست کے 17 اضلاع میں آج اور کل اوسط سے شدید بارش کا امکان ہے۔

Kishan Reddy:

مرکزی وزیر برائے کوئلہ و معدنیات جی کشن ریڈی نے کہا کہ بی جے پی کی قیادت میں قائم این ڈی اے حکومت پسماندہ طبقات (بی سی) کو جس قدر اہمیت دے رہی ہے، اس کی مثال پہلے کبھی نہیں ملی۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی ہی وہ جماعت ہے جس نے پسماندہ طبقہ سے تعلق رکھنے والے وزیراعظم اور وزرائے اعلیٰ بنائے ہیں۔میڈیا سے غیر رسمی گفتگو میں کشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت ریاست میں کئی ترقیاتی منصوبوں پر عمل کر رہی ہے، جن کی مجموعی لاگت تقریباً 80 ہزار کروڑ روپے ہے۔انہوں نے حیدرآباد میٹرو ریل کے تیسرے مرحلے کے بارے میں کہا کہ مرکزی حکومت اس منصوبے کے لیے پرعزم ہے اور اگر ریاستی حکومت سنجیدگی سے دلچسپی لے تو میٹرو کا کام تیزی سے مکمل ہو سکتا ہے۔جوبلی ہلز ضمنی انتخاب کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ تین طرفہ مقابلہ ہونے کا امکان ہے، لیکن کامیابی کے زیادہ امکانات بی جے پی کے حق میں ہیں۔انہوں نے فیس ری ایمبرسمنٹ کے مسئلے پر ریاستی حکومت کو مشورہ دیا کہ وہ کالج انتظامیہ کے ساتھ بات چیت کے ذریعہ طلبہ کو درپیش مشکلات کا حل نکالے۔کے سی آر اور کویتا کے تنازعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ محض خاندانی اختلافات کا معاملہ ہے۔

FIRE

سنگاریڈی ضلع کے پٹن چیرو صنعتی علاقہ میں واقع ای فائیو سکس یونٹ روپ کیمیکلز فیکٹری میں گزشتہ رات خوفناک آگ بھڑک اٹھی۔ دیکھتے ہی دیکھتے شعلے آسمان کو چھونے لگے۔ اطلاع ملتے ہی جیڈی میڈلہ، پاشامیلارم، پٹن چیرو اور سنگاریڈی سے دس فائر انجن موقع پر پہنچے اور فائر بریگیڈ عملے نے کئی گھنٹوں کی جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پالیا۔ خوش قسمتی سے فیکٹری کچھ عرصہ قبل بند کردی گئی تھی، جس کے باعث وہاں کوئی مزدور موجود نہیں تھا۔

CRM

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع میں کامن ریویو مشن (CRM) ٹیم نے آج سے لے کر 7 تاریخ تک دورہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ٹیم ضلع کی مختلف سرکاری طبی اداروں کا معائنہ کرے گی اور صحت کی خدمات کے نفاذ، عملہ کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولتوں کا براہِ راست جائزہ لے گی۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر جیتیش وی پاٹل نے سی آر ایم ٹیم کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں نیشنل ہیلتھ مشن کے تحت چلنے والے پروگراموں، ماں و بچے کی صحت، بیماریوں پر قابو پانے کی حکمت عملی، طبی خدمات کی توسیع، عملے کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کے معیار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

Band

آصف آباد ضلع میں پرائیویٹ کالج ایسوسی ایشن کی قیادت میں بند کا سلسلہ جاری ہے۔ یہ بند ریاستی حکومت کی جانب سے فیس ری ایمبرسمنٹ کی رقم جاری نہ کرنے کے خلاف ریاست بھر میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ کالج اسوسی ایشن کے ضلعی صدر راج شیکھر نے کہا کہ ریاستی حکومت نے پہلے 1200 کروڑ روپے بقایا جات ادا کرنے کا وعدہ کیا تھا، لیکن اب تک صرف 300 کروڑ روپے ہی جاری کیے گئے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ باقی رقم فوری طور پر جاری کی جائے، ورنہ غیر معینہ مدت تک بند جاری رہے گا۔

Weather:

محکمہ موسمیات نے اطلاع دی ہے کہ ریاست تلنگانہ کے کئی اضلاع میں آج اور کل کہیں کہیں اوسط سے تیز بارش کا امکان ہے۔ عادل آباد، نرمل، نظام آباد اور جگتیال سمیت 17 اضلاع کے لیے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

Accident :

رنگاریڈی ضلع کے چیولہ منڈل کے مرزا گوڑہ کے قریب آج صبح ایک خوفناک سڑک حادثہ پیش آیا جس میں 19 افراد ہلاک جبکہ 20 سے زائد زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب ایک تیز رفتار کنکریٹ ٹپر نے مخالف سمت سے آنے والی آرٹی سی بس کو زوردار ٹکر دے دی۔ اس ٹکر کے باعث کئی مسافر کنکریٹ کے پتھروں کے درمیان پھنس گئے، جنہیں جے سی بی مشینوں کی مدد سے نکالا گیا۔ زخمیوں کو قریبی اسپتال منتقل کیا گیا جبکہ تشویشناک حالت میں موجود افراد کو حیدرآباد روانہ کیا گیا۔ حادثہ کی اطلاع ملتے ہی حکومت نے حیدرآباد میں ہیلپ لائن نمبرس 9440854433،912919545 جاری کیے۔ حادثے میں ہلاک ہونے والے افراد کا چیوڑلہ سرکاری اسپتال میں پوسٹ مارٹم کیا گیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق مہلوکین میں 10 خواتین، 8 مرد اور ایک بچہ شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اس واقعہ پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے وزرا اور اعلیٰ عہدیداروں کو فوری امدادی کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت دی۔ حکومت نے اس حادثہ کی مکمل تحقیقات کا حکم بھی دیا ہے۔

exgratia

ریاستی حکومت نے آرٹی سی بس حادثے میں ہلاک ہونے والوں کے خاندانوں کے لیے 7 لاکھ روپے فی خاندان ایکس گریشیا دینے کا اعلان کیا ہے جبکہ زخمیوں کو فی کس 2 لاکھ روپے فراہم کیے جائیں گے۔ دوسری جانب وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی مرکزی حکومت کی جانب سے وزیر اعظم ریلیف فنڈ کے تحت مہلوکین کے لواحقین کو 2 لاکھ روپے اور زخمیوں کو 50 ہزار روپے فی کس معاوضہ دینے کا اعلان کیا۔

## Condolences

ریاست میں پیش آئے خوفناک سڑک حادثے پر مختلف سیاسی جماعتوں کے قائدین نے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ، بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ، بی آر ایس کے صدر کے چندر شیکھر راؤ سمیت دیگر رہنماؤں نے مہلوکین کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔

## Mahesh Kumar Goud

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے ہدایت دی ہے کہ جوبلی ہلز ضمنی انتخاب میں پارٹی امیدوار کی کامیابی کے لیے تمام سطحوں پر قائدین اور کارکن سرگرمی سے کام کریں۔ انہوں نے حیدرآباد کے گاندھی بھون میں منعقدہ انتخابی جائزہ اجلاس میں کہا کہ کسی کو بھی لاپرواہی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے اور الیکشن حکمت عملی پر مکمل عمل درآمد کیا جائے۔ مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ پچھلے دو سالوں سے عوامی حکومت جو فلاحی و ترقیاتی اسکیمیں نافذ کر رہی ہے ان کے فوائد کو ووٹروں تک مؤثر طور پر پہنچایا جائے۔ اس موقع پر اے آئی سی سی کی ریاستی انچارج میناکشی نٹراجن، وزیر کونڈا سوریکھا سمیت کئی لیڈرس موجود تھے۔

## CM - Ministers

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے رنگا ریڈی ضلع میں پیش آئے خوفناک بس حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کے مناظر دل دہلا دینے والے ہیں اور یہ واقعہ انہیں شدید دکھ میں مبتلا کر گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مہلوک افراد کے اہل خانہ کو ہر ممکن مدد فراہم کی جائے گی۔ اس سلسلے میں انہوں نے متعلقہ وزیروں اور اعلیٰ حکام کو فوری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔ ریونت ریڈی نے یہ بھی کہا کہ حادثے کے وقت آر ٹی سی کی جانب سے فراہم کی جانے والی انشورنس کے علاوہ متاثرہ خاندانوں کو مزید مالی امداد اور سہولتیں تیزی سے پہنچائی جائیں۔ دوسری جانب وزیر سریدر بابو اور پونم پربھاکر نے اسپتالوں میں زیرِ علاج زخمیوں کی عیادت کی اور ڈاکٹروں کو بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت دی۔

Road Accident Review

ریاست میں بڑھتے ہوئے سڑک حادثات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے ٹرانسپورٹ اور انفورسمنٹ محکموں کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ حادثات کی روک تھام کے لیے سخت کارروائی کی جائے۔ مسلسل پیش آ رہے حادثات کے پیش نظر وزیر نے ٹرانسپورٹ محکمے کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ہنگامی اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس میں انہوں نے کہا کہ گاڑیوں کی اسپیڈ لاک کی خلاف ورزی پر تین گنا جرمانہ عائد کیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ کارروائیاں صرف حادثے کے بعد نہیں بلکہ مسلسل نگرانی اور سخت عمل درآمد کے ساتھ جاری رہنی چاہئیں۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ ڈی ٹی سیز، آر ٹی اوز اور دیگر ٹرانسپورٹ عہدیدار خصوصی ٹیمیں تشکیل دے کر باقاعدہ نگرانی کریں۔ وزیر نے ہدایت دی کہ اسکول بسوں، کرایہ کی بسوں، ٹرکوں، ٹپروں اور لاریوں کی فٹنس اور پرمٹ کی جانچ کے لیے جامع ایکشن پلان تیار کیا جائے۔

Gaddam Prasad Kumar

اسمبلی اسپیکر گڈم پرساد کمار نے کہا ہے کہ حیدرآباد۔ بیجاپور ہائی وے پر پولیس اکیڈمی سے منّنے گوڑہ تک قومی شاہراہ کی توسیع کے کام کو جلد از جلد مکمل کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مرزا گوڑہ کے قریب پیش آئے آر ٹی سی بس حادثے کے مقام کا معائنہ کیا اور کہا کہ اس راستے میں جنگلاتی علاقہ ہونے کی وجہ سے سڑک کی توسیع میں تاخیر ہوئی ہے، جب کہ آج پیش آئے حادثے کی ایک وجہ سڑک کا تنگ ہونا بھی ہے۔ پرساد کمار نے بتایا کہ ریاستی حکومت کی کوششوں سے نیشنل گرین ٹربیونل میں کیس حال ہی میں حل ہوا ہے اور تین روز قبل ہی توسیعی کاموں کا آغاز ہو چکا ہے۔ انہوں نے حادثے میں ہلاک ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔

PM - Condolences

وزیراعظم نریندر مودی نے تلنگانہ میں پیش آئے سڑک حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا بھی کی۔ تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے اس المناک حادثے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے مہلوکین کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور ان کے غم میں شریک ہونے کا اظہار کیا۔

CM - SLBC

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ایس ایل بی سی ٹنل پراجیکٹ کو ہر صورت میں مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مارلپاڑو، کیشیا تانڈا اور نکلہ گنڈی تانڈا کے سیلاب سے متاثرہ عوام کے مسائل اس سال کے آخر تک حل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے ناگر کرنول ضلع کے منیواری پلی میں ہیلی میگنیٹک سروے کے لیے تیار ہیلی کاپٹر اور جدید آلات کا معائنہ کیا اور بعد میں ایریئل ویو کے ذریعے سروے کا جائزہ لیا۔ ریونت ریڈی نے بتایا کہ ایس ایل بی سی سرنگ کھدائی کے دوبارہ آغاز کے حصے کے طور پر مقناطیسی جیوفزیکل سروے شروع کیا گیا ہے، جو این جی آر آئی سائنسدانوں کی نگرانی میں کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ مکمل ہونے پر نلگنڈہ اور محبوب نگر اضلاع کو فائدہ ہوگا جبکہ 3 لاکھ ایکڑ زمین کو سیراب کرنے کے لیے 30 ٹی ایم سی پانی کی منتقلی ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پیشرو بی آر ایس حکومت نے اس پروجیکٹ کو نظرانداز کر دیا تھا۔ وزیراعلیٰ نے مزید بتایا کہ یہ جدید سروے زمین کی 1000 میٹر گہرائی تک جیولوجیکل معلومات حاصل کرے گا تاکہ پانی کے بہاؤ اور چٹانی ساخت کی نشاندہی کی جاسکے۔

Sound Byte.

OO